نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں کپاس کی بحالی کی حکمت عملی کو حتمی شکل دینے کے لئے اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

لاہور:25اپریل2023(   ) کپاس کی فصل ملکی معیشت کے لئے کلیدی اہمیت کی حامل ہے۔موجودہ حکومت کپاس کی بحالی کے لئے بھرپور اقدامات کررہی ہے۔امسال کپاس کی سپورٹ پرائس **8500**روپے فی**40** کلوگرام مقرر کی گئی ہے جس سے کپاس کی کاشت منافع بخش ثابت ہوگی۔ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے لاہور میں منعقدہ کپاس کی بحالی کی منظوری کے لئے پلان مرتب کرنے کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع)ڈاکٹر محمد انجم علی نے گزشتہ سالوں میں کپاس کی پیداوار میں کمی کی وجوہات کے متعلق بتایا۔اجلاس میں کپاس کے زیرِ کاشت رقبہ اور پیداوار میں اضافہ کیلئے حکمت عملی کو حتمی شکل دی گئی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کلائمیٹ سمارٹ نئی اقسام کی دریافت کے لئے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کو زیادہ موثر اور نتیجہ خیز بنانے کی ضرورت ہے تاکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات اور کیڑوں کے حملہ میں کمی واقع ہوسکے۔انھوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے کپاس کی منتخب منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج پر **1200** روپے فی بیگ سبسڈی کی فراہمی جاری ہے۔اس کے علاوہ کپاس کے ضرررساں کیڑوں کے کنٹرول کے لئے پنجاب میں قائم بائیولیب کے ذریعے کاشتکاروں کو بائیوکارڈ فراہم کئے جائیں گے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کی جاری مہم کو نتیجہ خیز بنانے کے لئے پرنٹ،الیکٹرانک و ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال کی ہدایت کی تاکہ کاشتکاروں کو کپاس کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق آگاہی فراہم کی جاسکے۔انھوں نے محکمہ زراعت کے مختلف شعبوں کو آپس میں مربوط کوآرڈینیشن اور فعال کردار ادا کرنے پر زور دیا تاکہ کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کے پیداواری مقابلوں کے منظوری دی جس میں صوبائی وضلعی سطح پر پوزیشن حاصل کرنے والے کاشتکاروں کو انعامات دیئے جائیں گے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر،وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد رانا اقرار احمد خان،ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا محمد فقیر احمد نے شرکت کی جبکہ چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود اور وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان سمیت دیگر افسران نے آن لائن شرکت کی۔

☆☆☆☆